# اعلیٰ کارکردگی کا معاہدہ 2025-2026 سالانہ سماعتیں

ریاستی قانون تقاضہ کرتا ہے کہ محکمۂ تعلیم تعلیمی سال 2025-2026 کے لیے اعلیٰ کارکردگی کا معاہدہ جمع کروائے۔ اعلیٰ کارکردگی کا معاہدہ اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے کہ مخصوص ریاستی امداد طالب علم کی کامیابی کے لیے تشکیل دی گئی متعین کردہ سرگرمیوں کے لیے کس طرح استعمال کی جائے گی جو ان طلباء پر توجہ مرکوز کرتی ہیں جن کی تعلیمی ضروریات سب سے زیادہ ہیں۔

اعلیٰ کارکردگی کا معاہدہ ایک عوامی طریقۂ کار کے ذریعے تیار کیا جانا لازمی ہے، جس میں ہر نیو یارک شہر کاؤنٹی کے اندر منعقد کردہ ایک عوامی سماعت کا شامل ہونا لازمی ہے۔ اسکے علاوہ، ہر کمیونٹی ضلع میں ضلع سے مخصوص معاہدوں سے متعلقہ عوامی اجلاس منعقد کیے جانا لازمی ہے۔

ریاستی قانون میں 2022، 2023 اور 2024 میں کی گئی ترمیمات کے تحت، محکمۂ تعلیم کے اعلیٰ کارکردگی کے معاہدے میں ستمبر 2023 سے شروع، کلاس سائز کو کم کرنے کا منصوبہ بھی شامل ہونا لازمی ہے۔ مجوزہ منصوبے کے بارے میں عوامی تبصرات کا تجزیہ کرنے کے بعد، محکمۂ تعلیم کے لیے لازمی ہے کہ عوامی کاروائی کے مکمل ہونے کے دو ہفتوں کے اندر معاہدے کا خاکہ ابتدائی جائزے کے لیے ریاست کو پیش کرے۔

## برو سماعت شیڈول

سماعتیں آن لائن بذریعہ زُوم ہونگی۔ شیڈول کردہ آغاز کا وقت شام 6:00 بجے ہے۔

ہر تقریب کے لیے رجسٹریشن ذیل کی سائٹ پر تقریب کے دن شائع کی جائے گی:
https://infohub.nyced.org/reports/financial/contracts-for-excellence/c4e-2025-2026-annual-hearings
عوامی ممبران کو عام تبصرات کے لیے سائن اپ کرنے کا موقع دینے کے لیے ورچوئل میٹنگ روم اجلاس سے ایک گھنٹہ پہلے کھول دیا جائے گا۔

برونکس – بدھ، 4 جون، 2025

مین ہیٹن – منگل، 10 جون، 2025

اسٹیٹن آئلینڈ–بدھ، 11 جون، 2025

کوئنز–جمعرات، 12 جون، 2025

بروکلن–پیر، 16 جون، 2025

تبصرات سماعتوں میں جمع کروائے جاسکتے ہیں یا **ContractsForExcellence@schools.nyc.gov** پر ای میل کیے جاسکتے ہیں۔

تبصرات جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 جولائی، 2025 ہے۔